کے بجائے "ریش" "قیصری" کی جگہ "یترری" "ژوتریہ" کی جگہ "ایتریہ" "وریدارنیک" کے بجائے "ورعدارنیک" لکھا گیا ہے۔

زبان اور انداز بیان تمام مضامین کا صاف اور سلیس ہے۔ جو صاحب اس سلسلہ میں مزید معلومات حاصل کرنی چاہیں وہ ادارہ کے پتہ پر خط لکھ کر معلوم کر سکتے ہیں۔

تقویم ہجری و عیسوی | مرتبہ ابو النصر محمد خالدی صاحب ایم اے (عثمانیہ) تقطیع ۲۲×۱۸/۴ ضخامت ۵۰ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت ۸ر شائع کردہ انجمن ترقی اردو (ہند) دہلی

ارباب علم کو عموماً اور محققانہ تصنیف وتالیف کا کام کرنے والوں کو خصوصاً ایک ایسی تقویم (جنتری) کی ضرورت رہتی ہے جس سے ہجری اور عیسوی سنین کی مطابقت کی جاسکے انگریزی میں اس قسم کی کئی ایسی جنتریاں موجود ہیں۔ عربی میں بھی دو ایک ایسی جنتریاں پائی جاتی ہیں لیکن اب تک اردو میں کوئی ایسی جنتری نہیں جس سے اس مشکل کا حل ہوسکے۔ انجمن ترقی اردو (ہند) لائق مبارکباد ہے کہ اس نے ایسی عمدہ جنتری شائع کرکے اہلِ علم کی ایک بڑی دشواری کو آسان کر دیا۔

اس تقویم میں پہلے خانہ میں سنہ ہجری لکھا ہوا ہے، دوسرے خانہ میں عیسوی سنہ مع تاریخ اور دن کے درج ہے۔ اس دوسرے خانہ کے سب سے اوپر کے خانہ میں قمری ماہ تحریر ہے۔ اس سے یہ معلوم ہو جاتا ہے کہ فلاں عیسوی سنہ کی فلاں تاریخ اور فلاں دن کو ہجری سنہ کے فلاں مہینہ کی پہلی تاریخ ہوئی تھی۔ اب اس کے بعد پورے مہینہ کا حساب آپ کر سکتے ہیں۔ اس کتاب میں پہلی سنہ ہجری سے لے کر ۱۵۰۰ سنہ ہجری تک کے سنین لکھے ہوئے ہیں۔ کتاب بہت قابلِ قدر ہے اور اس قابل ہے کہ ہر صاحبِ علم کے پاس اس کا ایک ایک نسخہ موجود رہے۔

سائنس اور اسلام | از مولانا محمد طیب صاحب مہتمم دار العلوم دیوبند تقطیع متوسط ضخامت ۹۸ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت ۱۰ر پتہ: معتمد نشر واشاعت انجمن اسلامی تاریخ وتمدن مسلم یونیورسٹی علی گڑھ